تحفۂ رضویہ



علامہ السید ذیشان حیدر جوادی طاب ثراہ

بسم الله الرحمن الرحيم

(۷۸۶/۱۱۰)

مولائے کائنات

ابوالائمہ حضرت امام علی ابن ابی طالب علیہ السلام

کی مُناجاتوں میں سے ایک مُناجات

اِلٰهِیْ کَفٰی بِیْ عِزًّا اَنْ اَکُوْنَ لَکَ عَبْدًا وَکَفٰی
بِیْ فَخْرًا اَنْ تَکُوْنَ لِیْ رَبًّا اَنْتَ کَمَا اُحِبُّ
فَاجْعَلْنِیْ کَمَا تُحِبُّ

میرے اللہ میری عزت کے لئے یہی کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں اور میرے فخر کے لئے یہی کافی ہے کہ تُو میرا پروردگار ہے۔ تُو ویسا ہی ہے جیسا میں چاہتا ہوں، بس تُو مجھ کو ویسا بنا لے جیسا تُو چاہتا ہے۔

اشتراک:
IDAARA-E-TARVEEJ-E-SOAZKHWANI
ادارۂ ترویجِ سوز خوانی
Post Box No. 10979, Karachi-74700

ACC No. 102377 Date 13/12/05
Section اسلامی ادب Status
D. Class
NAJAFI BOOK LIBRARY

NAJAFI BOOK LIBRARY
Shop No. 11
M.L. Heights
Soldier Bazar #2
KARACHI
PH. 7211795

تحفۂ رضویہ

علامہ السید ذیشان حیدر جوادی اعلی اللہ مقامہ

عصمہ پبلیکیشنز
پی۔او باکس نمبر:۔ 18168 کراچی 74700 پاکستان

۰جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔۰

نام کتاب : تحفۂ رضویہ
مؤلف : علامہ سید ذیشان حیدر جوادی طاب ثراہ
ناشر : عصمہ پبلیکیشنز کراچی
تعداد اشاعت : 500
تاریخ اشاعت : اگست ۲۰۰۲ء
طباعت : عاصم پرنٹنگ ناظم آباد نمبر ۲ کراچی
سپر ڈیلیکس ایڈیشن : پہلا ایڈیشن
ھدیہ : 40/- روپیہ
مشیر قانون : پروفیسر سید سبطِ جعفر زیدی ایڈوکیٹ
جناب شبیر رضوی ایڈوکیٹ (ہائی کورٹ)
سرِ ورق (ٹائیٹل ڈیزائننگ) : سید امتیاز عباس

اسٹاکسٹ

افتخار بک ڈپو۔ اسلام پورہ کرشن نگر۔ لاہور
منہاج الصالحین غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور
مکتبہ الرضا۔ ۸ بیسمنٹ میاں مارکیٹ۔ اردو بازار۔ لاہور
کریم پبلیکیشنز سمیع سینٹر اردو بازار لاہور
مکتبہ الحسین نواں شہر ابدالی روڈ ملتان
سید محمد ثقلین کاظمی جی 6/2۔ اسلام آباد
محمد علی بک ڈپو۔ G-9/2 کراچی کمپنی۔ اسلام آباد
سودے بکس لائبریری اینڈ اسٹیشنرز۔ سکردو۔ بلتستان
عباس بک ایجنسی۔ رستم نگر۔ لکھنؤ
حسن علی بک ڈپو۔ کھارادر۔ کراچی
رحمت اللہ بک ایجنسی کھارادر۔ کراچی
محفوظ بک ایجنسی۔ مارٹن روڈ۔ کراچی
خراسان بک سینٹر بریٹو روڈ۔ کراچی
احمد بک ڈپو۔ رضویہ سوسائٹی کراچی
انجم پبلیکیشنز بریٹو روڈ کراچی
احمد تبرکات سینٹر انچولی کراچی
مکتبۂ علویہ مرکز تبرکات وظائف رضویہ سوسائٹی کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اچھی بُری عادتیں

باب ۱

۱۔ خوشا نصیب کہ انسان سامنے کی خواہش کو اَن دیکھے وعدہ کے لئے ترک کر دے۔ (رسول اکرمؐ)

۲۔ سوار کا ہٹو بچو کہنا راہ گیروں پر ظلم ہے (امام صادقؑ)

۳۔ اہلِ دین کے ساتھ بیٹھنا دنیا و آخرت کا شرف ہے (رسول اکرمؐ)

۴۔ مومن کا شرف نمازِ شب اور اسکی عزّت لوگوں کا تحفظ ہے (امام صادقؑ)

۵۔ سفر میں نماز روزہ کا قصر میری امت کے لئے مخصوص تحفہ ہے جس نے قصر نہیں کیا اس نے خدائی تحفہ کو رد کیا۔ (رسولِ اکرمؐ)

۶۔ حسَبِ صرف تواضع سے ہے۔ کرم تقویٰ سے ہے۔ عمل نیت سے ہے۔ اور بدترین انسان وہ ہے جو امام کی سُنّت کا پیرو ہو اور اس کے اعمال کا پیرو نہ ہو۔ (امام زین العابدینؑ)

۷۔ جو شخص سلام سے پہلے کلام کرے اس کو جواب نہ دو۔ اور جب تک سلام نہ کرے کھانے پر مدعو نہ کرو۔ (رسول اکرمؐ)

۸۔ گانے سے نفاق اور فقر پیدا ہوتا ہے (نشانِ رازِ نفاق یہ ہو کہ ظاہر

میں ذکر خدا ہے اور دل میں شوق غنا ہے) (امام صادقؑ)

۹۔ ہر گناہ کی اصل دُنیا داری سے محبت ہے۔ (امام صادقؑ)

۱۰۔ بہترین حُسن بہترین اخلاق ہے۔ (امام حسنؑ)

(نوٹ:۔ اس روایت کو ابوالحسن نے ابوالحسن سے اور انھوں نے پھر ابوالحسن سے نقل کیا ہے اور پھر ابوالحسن نے حسن سے اور انھوں نے حسن سے اور انھوں نے پھر حسن سے نقل کیا ہے پہلے ابوالحسن سے مراد محمد بن ابراہیم شوستری ہیں۔ دوسرے سے مراد علی بن احمد بصری ہیں تیسرے سے مراد علی بن محمد واقدی ہیں اور حسن میں پہلے سے مراد حسن بن عرفہ عبدی اور دوسرے سے مراد حسن بن ابوالحسن بصری ہیں۔ اور تیسرے سے مراد امام حسنؑ بن علیؑ بن ابیطالب ہیں۔ جوادی)

۱۱۔ دُنیا میں نیکی بہت ہے اور کرنے والے بہت کم ہیں۔ (رسول اکرمؐ)

۱۲۔ جس کا دل پاک ہوگا اس کا جسم بھی طیّب ہوگا اور جس کا دل خبیث ہوگا اس کا جسم بھی خبیث ہوگا۔ (رسول اکرمؐ)

(نوٹ:۔ ڈاڑھی منڈانے والے حضرات، رسولِ اکرمؐ کے اس ارشاد سے اپنے فلسفہ کا مقابلہ کریں۔ جوادی)

باب ۲

۱۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر مومن کو کیا جائے کہ نصیحت حاصل کرے

یا جاہل کو کیا جائے کہ علم حاصل کرے۔ صاحب سیف و تازیانہ کو امر و نہی کرنا بیکار ہے (اس کا حساب خدا کے ذمہ ہے)۔ (امام صادقؑ)

۲۔ دو آدمی بوئے جنت نہیں سونگھ سکتے۔ والدین کا نافرمان اور بے حیا جسکی عورت بدکاری کرے اور وہ خاموش رہے۔ (رسول اکرمؐ)

(نوٹ: مسلمان بے پردگی کے آخری انجام سے ہوشیار رہیں اور مغرب کی تقلید ترک کریں۔ جوادی)

۳۔ جمعہ، جمعہ ناخن کاٹنا اور مونچھیں تراشنا جذام سے بچنے کا ذریعہ ہے (داڑھی منڈانا نہیں) (امام صادقؑ)

۴۔ اس سے زیادہ تعجب خیز کیا ہے کہ انسان رزق خدا کھا کے اس سے بغاوت کرے اور اس کے مقابلہ میں خدائی کا دعویٰ کرے اور خدا انتقام بھی نہ لے۔ (امام صادقؑ)

۵۔ روزہ دار کے لئے دو مسرتیں ہیں ایک وقت افطار اور ایک وقتِ ملاقاتِ پروردگار۔ (امام صادقؑ)

۶۔ بہترین قطرہ راہِ خدا میں بہنے والا قطرۂ خون اور خوفِ خدا سے ٹپکنے والا قطرۂ اشک ہے۔ (امام سجادؑ)

۷۔ کھڑے ہو کر پیشاب کرنا اور داہنے ہاتھ سے استنجا کرنا ظلم ہے۔ (رسول اکرمؐ)

۸۔ ذلیل اور پست آدمی وہ ہے جو شراب پیتا ہو اور باجا بجاتا ہو۔ (امام صادقؑ)

۹۔ غیبت زنا سے بدتر ہے کہ صاحب زنا کو خدا معاف کرسکتا ہے اور صاحب غیبت کو پہلے اس آدمی سے معافی مانگنا ہوگی جسکی غیبت کی ہے۔ (رسول اکرمؐ)

۱۰۔ لوگوں کی بربادی فقر کے خوف اور فخر کی فکر میں ہے۔ (امیرالمومنینؑ)

۱۱۔ انسان کے بڑھاپے کے ساتھ دو خصلتیں جوان ہوتی ہیں حرص مال، اور حرص عمر۔ (رسول اکرمؐ)

۱۲۔ ایمان اور بخل ایک ساتھ دل میں جمع نہیں ہوسکتے۔ (رسول اکرمؐ)

۱۳۔ میری عقیل سے محبت ذاتی بھی ہے اور ابوطالب کی محبت کی وجہ سے بھی ہے۔ (رسول اکرمؐ)

۱۴۔ میں کس چیز کی زیادہ خوشی مناؤں جعفر کی واپسی کی یا خیبر کی فتح کی (رسول اکرمؐ)

(نوٹ: ایک اسلام کا فاتح لسان ہے اور ایک فاتح شمشیر وسنان۔ اور بہرحال وجہ مسرت یہی دونوں بھائی ہیں۔) (جوادی)

۱۵۔ حسنؑ کے لئے میری ہیبت وسیادت اور حسینؑ کے لئے میری جرأت وسخاوت ہے۔ (رسول اکرمؐ)

باب ۳

۱۔ تین چیزوں میں مومن کا حساب نہ ہوگا۔ جو کھانا کھالیا ہے۔ جو کپڑا پہن لیا ہے اور جو زوجہ نیکیوں پر مددگار اور باعفت ہو۔ (امام صادقؑ)

۲۔ مومن۔ بزدل، بخیل اور لالچی نہیں ہوسکتا۔ (امام محمد باقرؑ)

۳۔ تین آدمی قابلِ رحم ہیں ۔ وہ باعزت جو ذلیل ہو جائے۔ وہ مالدار جو محتاج ہو جائے ۔ وہ عالم جسے جاہل بے قیمت قرار دیدیں ۔ (امام صادقؑ)

۴۔ تین چیزوں سے دل مردہ ہو جاتا ہے ۔ پست لوگوں کی ہمنشینی ۔ عورتوں کے ساتھ باتیں کرتے رہنا ۔ مالداروں کی مصاحبت کرنا ۔ (مرسل اعظمؐ)

۵۔ تین چیزوں سے خدا ناراض ہوتا ہے ۔ بغیر بیداری کے سوتے رہنا ۔ بغیر تعجب کے ہنسنا اور کھانے کے بعد پھر کھانا ۔ (امام صادقؑ)

۶۔ تین اوقات میں سلام نہ کرو ــــ جنازہ میں جاتے ہوئے ، جمعہ میں جاتے ہوئے اور حمام میں (امام صادقؑ)

۷ بہترین انسان وہ ہے جو لوگوں کو کھانا کھلائے ــــ سلام میں سبقت کرے اور نمازِ شب پڑھے ۔ (رسول اکرمؐ)

۸۔ تین چیزوں سے آنکھوں کی روشنی بڑھتی ہے ــــ سبزہ کو دیکھنا ۔ بہتے پانی کو دیکھنا اور حسین چہرہ کو دیکھنا (بشرطیکہ نامحرم نہ ہو ۔) (امام رضاؑ)

۹۔ زادِ راہ تنہا کھانے والا ــــ صحرا میں تنہا سفر کرنے والا اور گھر میں تنہا سونے والا قابلِ لعنت ہے (ہر مقام پر ایک خطرہ کا اندیشہ ہے) (مرسل اعظمؐ)

۱۰۔ کالے جُوتے چپّل میں تین عیب ہیں ۔ نظر کمزور ہوتی ہے ۔ قوتِ مردانگی ضعیف ہوتی ہے اور رنج و غم پیدا ہوتا ہے ۔ یہ جابروں کا طریقہ ہے ۔ (امام صادقؑ)

۱۱۔ کوّے سے تین سبق حاصل کرو۔ خفیہ صحبت، صبح سویرے تلاش رزق، احتیاط۔ (رسول اکرمؐ)

۱۲۔ شیعوں کی تین قسمیں ہیں ـــ واقعی محبّت کرنے والا وہ ہم سے ہے، ہم کو زینت بنانے والا ہم اس کی زینت ہیں، ہمارے نام پر کھانیوالا۔ اس کی سزا فقیری ہے۔ (امام صادقؑ)

۱۳۔ مومنین کے لئے دُنیا قید خانہ ـــ قبر قلعہ اور جنّت پناہ گاہ ہے اور کافر کے لئے دُنیا جنّت، قبر قید خانہ اور جہنّم آخری ٹھکانہ ہے۔ (امام صادقؑ)

۱۴۔ جو میری اولاد سے محبّت نہ کرے وہ یا منافق ہے یا وَلَدُ الزّنا یا وَلَدُ الحیض (رسول اکرمؐ)

۱۵۔ بیداری تین آدمیوں کے لئے ہے۔ نماز شب پڑھنے والے کے لئے طالبِ علم کے لئے۔ اور نو عروس کے لئے (شوہر کے گھر) (رسول اکرمؐ)

۱۶۔ مال موت تک ساتھ دیتا ہے۔ اولاد قبر تک اور اعمال حشر تک (امیرالمومنینؑ)

۱۷۔ انسان کے گھر میں تین بستر ہونے چاہئیں۔ اپنے لئے، اہل وعیال کے لئے اور ایک مہمان کے لئے۔ اس سے زیادہ شیطان کیلئے۔ (امام صادقؑ)

۱۸۔ تین چیزوں سے حافظہ بڑھتا ہے کندر۔ مسواک۔ قرأت قرآن۔ (رسول اکرمؐ)

۱۹۔ مومن کو چھینک آئے تو کہو یَرحمُکُمُ اللّٰہ اور تین مرتبہ سے زیادہ آئے تو کہو "شفاکَ اللّٰہ" کہ یہ بیماری کی علامت ہے۔ (امیرالمومنینؑ)

۲۰۔ ہمارے شیعوں میں تین عیب نہ ہوں گے۔ ہاتھ پھیلا کر مانگنا۔ بخل کرنا اور بدکرداری کرنا (امام صادقؑ)

۲۱۔ تین چیزیں روز قیامت فریاد کرینگی۔ مسجد جسمیں نماز نہ پڑھی جائے۔ عالم جس سے مسئلہ نہ دریافت کیا جائے اور قرآن جس پر غبار ہو اور تلاوت نہ کی جائے۔ (امام صادقؑ)

۲۲۔ مولی میں تین خوبیاں ہیں۔ پتے ریاح شکن ہیں۔ مغز پیشاب آور ہے اور جڑ قاطع بلغم ہے۔ (امام صادقؑ)

۲۳۔ تین چیزوں میں کالا رنگ مکروہ نہیں ہے۔ عمامہ۔ موزہ۔ ردا۔ (رسول اکرمؐ)

۲۴۔ چوروں کی تین قسمیں ہیں۔ زکوٰۃ نہ دینے والا۔ عورتوں کا مہر ہضم کر جانے والا اور قرض لیکر ادائیگی کی نیت نہ رکھنے والا۔ (امام صادقؑ)

۲۵۔ تین قسم کے لوگ روزِ قیامت سفارش کریں گے۔ پہلے انبیاء۔ اس کے بعد علماء اس کے بعد شہداء۔ (رسول اکرمؐ)

۲۶۔ مومن کی راحت تین چیزوں میں ہے۔ وسیع مکان کہ لوگوں کو حالات نہ معلوم ہوں، نیک کردار عورت کہ دین و دُنیا میں ساتھ دے اور وہ بہن یا بیٹی جو مرکر گھر سے نکلے یا دُلہن بن کر۔ (امام صادقؑ)

۲۷۔ مومن کی لذّتیں تین ہیں۔ عورت۔ بھائیوں سے دلچسپ گفتگو اور نمازِ شب۔ (امام باقرؑ)

۲۸۔ سب سے بہترین عمل نماز میں پابندی وقت۔ اس کے بعد والدین کیساتھ نیک برتاؤ۔ اس کے بعد راہ خدا میں جہاد۔ (رسول اکرمؐ)

۲۹۔ تین قسم کے لوگ جنت میں نہیں جاسکتے۔ خونریزی کرنے والا۔ شراب پینے والا اور چغلی کرنے والا۔ (امام صادقؑ)

۳۰۔ تین آدمی رسول اللہ کے خلاف روایتیں وضع کرتے تھے۔ ابو ہریرہ۔ انس ابنِ مالک اور ایک عورت۔ (امام صادقؑ)

باب ۴

۱۔ زکام کو بُرا نہ سمجھو اس سے جذام دور ہوتا ہے۔ پھوڑے کو بُرا نہ سمجھو اس سے برص دور ہوتا ہے۔ آشوب چشم کو برا نہ سمجھو اس سے نابینائی دور ہوتی ہے۔ کھانسی کو بُرا نہ سمجھو اس سے فالج سے نجات ملتی ہے۔ (رسول اکرمؐ)

۲۔ گناہوں کی اصل حرص، حسد، غضب اور خواہش ہے اور عصمت ان سب سے پاک ہونے کا نام ہے۔ امام کے یہاں ان عیوب کا امکان نہیں ہے اس لئے کہ وہ معصوم ہیں۔ (بن الحکم)

۳۔ چار چیزیں چار چیزوں سے سیر نہیں ہوسکتیں۔ زمین بارش سے، آنکھ نظارہ سے، عورت مرد سے اور عالم علم سے۔ (امام صادقؑ)

۴۔ چار آدمی روزِ قیامت نظرِ رحمت کے حقدار ہوں گے جو کسی شرمندہ کو معاف کردے۔ پریشان حال کے کام آئے۔ غلام آزاد کرے یا

کنوارے کی شادی کرادے۔ (امام صادقؑ)

۵۔ چار چیزوں سے غم پیدا ہوتا ہے۔ ڈیوڑھی پر بیٹھنا۔ جانوروں کے درمیان سے گذرنا۔ کھڑے ہوکر پیجامہ پہننا۔ دامن سے ہاتھ مونہہ پوچھنا۔ (امام صادقؑ)

۶۔ چار چیزیں طب سے بے نیاز بنا دیتی ہیں۔ بھوک کے بعد کھانا۔ بھوک کا ہی اٹھ جانا۔ چبا کر کھانا۔ اور سونے سے پہلے بیت الخلاء جانا (امیرالمومنینؑ)

۷۔ چار چیزیں جس گھر میں داخل ہو جائیں گی برباد ہو جائے گا خیانت، چوری، شراب، زنا۔ (امیرالمومنینؑ)

۸۔ حق و باطل میں چار انگل کا فاصلہ ہے جو دیکھو وہ حق ہے اور جو سنو اس کا اکثر باطل ہوتا ہے اس لئے تحقیق ضروری ہے۔ (امیرالمومنینؑ)

۹۔ چار آدمی قابلِ سلام نہیں ہیں مست، مجسمہ ساز، جواری اور شطرنج کھیلنے والا۔ (رسول اکرمؐ)

۱۰۔ چار چیزیں مرسلین کے طریقوں میں شامل ہیں عطر، عورت، مسواک، مہندی۔ (رسول اکرمؐ)

۱۱۔ چار آدمیوں کی نماز قبول نہیں۔ امام ظالم۔ پیش نماز جس کو لوگ نا پسند کریں۔ مالک سے بھاگا ہوا غلام۔ بغیر اذنِ شوہر کے باہر نکلنے والی عورت (امام صادقؑ)

۱۲۔ چار چیزوں میں مول بھاؤ نہ کرو۔ قربانی، کفن، غلام، مکہ کا کرایہ (امام باقرؑ)

۱۳۔ چار آدمیوں کا نفقہ واجب ہے، ماں، باپ، اولاد، زوجہ (امام صادقؑ)

۱۴۔ چار قسم کی کنیت نہ رکھو ابو عیسیٰ۔ ابو الحکم۔ ابو مالک اور ابو القاسم اگر نام محمد ہو (رسول اکرمؐ)

۱۵۔ چار سوروں میں سجدہ واجب ہے اقرا۔ النجم۔ الم تنزیل۔ حم السجدہ (امام صادقؑ)

۱۶۔ چار مقامات پر مسافر کو پوری نماز پڑھنے کا بھی اختیار ہے۔ مکہ۔ مدینہ مسجد کوفہ، حرم امام حسینؑ۔ (امام صادقؑ)

۱۷ چت لیٹنا انبیاء کا طریقہ ہے داہنی کروٹ روبقبلہ مومنین کا طریقہ، بائیں کروٹ لیٹنا بادشاہوں کا طریقہ اور اوندھا لیٹنا ابلیس کا طریقہ ہے۔ (امیر المومنینؑ)

۱۸۔ چار چیزیں برباد ہو جاتی ہیں۔ شورہ زار میں بیج۔ چاندنی میں چراغ، پیٹ بھرے میں کھانا اور نااہل کے ساتھ نیکی کرنا۔ (امام صادقؑ)

باب ۵

۱۔ مومن کی پانچ علامتیں ہیں تنہائی میں پرہیزگاری۔ تنگدستی میں صدقہ۔ مصیبت میں صبر۔ غضب میں حلم، خوف میں صداقت۔ (امام صادقؑ)

۲۔ پانچ چیزوں سے برص پیدا ہوتا ہے۔ جمعہ اور بدھ کو نورہ لگانا۔ آفتاب سے گرم ہوئے پانی سے وضو وغسل کرنا۔ جنابت کی حالت میں کھانا۔ زمانہ حیض میں ہمبستری کرنا۔ پیٹ بھرے میں کھانا۔ (رسول اکرمؐ)

۳۔ بخیل کے لئے راحت، حاسد کے لئے لذّت۔ بادشاہوں کے لئے وفا۔ جھوٹے کے لئے مروّت اور احمق کے لئے سرداری نہیں ہے۔ (امام صادقؑ)

۴۔ پانچ سنتیں سر کے لئے ہیں مسواک، مونچھیں تراشنا۔ کنگھی کرنا۔ کلی کرنا۔

ناک میں پانی ڈالنا اور پانچ جسم کے لئے ہیں، ختنہ، زیر ناف بالوں کا مونڈنا،
بغل کے بال کاٹنا، ناخن کاٹنا، اور استنجا کرنا۔ (امام موسیٰ کاظمؑ)

۵۔ پانچ چیزیں زندگی بھر میری سیرت میں رہینگی۔ خاک پر بیٹھ کر کھانا کھانا۔ خچر کی سواری کرنا۔ بکری دوہنا۔ ادنیٰ کپڑے پہننا۔ بچوں کو سلام کرنا تاکہ قوم کی سیرت بن جائے۔ (مرسل اعظمؐ)

۶۔ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔ نماز۔ زکوٰۃ۔ حج۔ روزہ ماہ رمضان اور ولایت اہل بیتؑ۔ سب پر چھوٹ ہے لیکن ولایت میں کوئی چھوٹ نہیں ہے۔ (امام باقرؑ)

۷۔ مال پانچ طریقوں سے جمع ہوتا ہے۔ بخل شدید۔ طول امل۔ حرص۔ قطع رحم اور دنیا کا آخرت پر مقدّم کرنا۔ (امام رضاؑ)

۸۔ اللہ نے پانچ چیزیں مجھے دی ہیں اور پانچ علیؑ کو۔ مجھے جامع کلمات عطا کئے ہیں اور علیؑ کو جامع علوم۔ مجھے کوثر دیا ہے اور علیؑ کو سلسبیل۔ مجھے وحی دی ہے اور علیؑ کو الہام۔ مجھے آسمان پر بلایا ہے اور علیؑ کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے ہیں مجھے نبی بنایا اور علیؑ کو وصی بنایا۔ (رسول اکرمؐ)

۹۔ شیعہ جعفری کی پہچان یہ ہے کہ شکم اور شرمگاہ آلودہ حرام نہ ہو۔ جہاد شدید رہے۔ عمل برائے خدا رہے۔ اُمّید برائے ثواب رہے اور خوف برائے عقاب رہے۔ (امام صادقؑ)

۱۰۔ ولیمہ صرف پانچ مواقع پر ہوتا ہے۔ شادی۔ ولادت۔ ختنہ۔ خریداری مکان۔ واپسی از مکہ۔ (رسول اکرمؐ)

باب ۶

۱۔ اس اُمّت میں چھ خصوصیات ہیں جو کسی امت میں نہیں تھیں اور نہ ہونگی۔ اس میں پیغمبر سیدالمرسلینؐ ہیں۔ علی سیّدالوصیین ہیں۔ حمزہ سیدالشہداء ہیں۔ امام حسنؑ و حسینؑ سیّدشباب اہلِ جنت ہیں۔ جعفر طیار ہیں اور مہدیؑ کے پیچھے عیسیٰؑ بھی نماز پڑھیں گے۔ (محمدؐ حنیفہ)

۲۔ زنا کے چھ اثرات ہیں۔ چہرہ کی رونق چلی جاتی ہے۔ فقیری پیدا ہوتی ہے۔ عمر گھٹ جاتی ہے۔ خدا ناراض ہوتا ہے۔ حساب سخت ہوتا ہے اور جہنّم میں دوام حاصل ہوتا ہے۔ (رسول اکرمؐ)

۳۔ چھ باتوں کا وعدہ کرو میں جنّت کا ضامن ہوں۔ بات کرو تو جھوٹ نہ بولو وعدہ کرو تو وفا کرو۔ امانت لو تو خیانت نہ کرو۔ نگاہیں نیچی رکھو۔ شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔ اپنے ہاتھ اور زبان پر قابو رکھو۔ (مرسل اعظمؐ)

۴۔ چھ پیغمبروں کے دو دو نام ہیں۔ یوشع بن نون (ذوالکفل) یعقوب (اسرائیل) خضر (حلقیا) یونس (ذوالنون) عیسیٰ (مسیح) محمدؐ (احمد) (امیرالمومنینؑ)

۵۔ چھ مخلوقات بغیر ماں کے پیدا ہوئی ہیں۔ آدم۔ حوّا۔ گوسفند قربانی ابراہیمؑ عصا موسیٰ بشکل حیہ۔ ناقہ صالح۔ طائر عیسیٰ۔ (امیرالمومنینؑ)

۶۔ جنت کے دروازے پر چھ کلمات ہیں۔ لا الہ الا اللہ محمد حبیب اللہ علی ولی اللہ فاطمہ امۃ اللہ والحسین صفوۃ اللہ، ان کے دشمنوں پر لعنۃ اللہ۔

۷۔ اللہ چھ قوموں پر چھ چیزوں سے عذاب کرے گا۔ عرب پر تعصب سے دیہاتیوں پر تکبر سے، امراء پر ظلم وجور سے، فقہاء پر حسد سے تجار پر خیانت سے۔ دیہاتیوں پر جہالت سے۔ (امیر المومنینؑ)

۸۔ چھ آدمی قابل سلام نہیں، یہودی، نصرانی، مجوسی، بیت الخلاء میں، شراب کے دستر خوان پر بیٹھنے والا، وہ شاعر جو عورتوں پر الزام لگاتا ہے۔ وہ شخص جو مذاق میں ماں کی گالی دیتا ہے۔ (امام باقرؑ)

۹۔ شریعت سہلہ چھ چیزیں ہیں۔ نماز قائم کرنا۔ زکوٰۃ ادا کرنا۔ ماہ رمضان کے روزے رکھنا۔ حج بیت اللہ کرنا، امام کی اطاعت کرنا، اور مومن کے حقوق ادا کرنا۔ (امام صادقؑ)

۱۰۔ چھ چیزوں کی ذخیرہ اندوزی حرام ہے۔ گندم۔ جو۔ خرمہ۔ کشمش گھی۔ تیل۔ (رسول اکرمؐ)

۱۱۔ چھ چیزوں کی قیمت حرام ہے۔ مردار کی قیمت۔ کتے کی قیمت۔ شراب کی قیمت۔ زانیہ کی اجرت۔ رشوت۔ کاہن کی اجرت۔ (امیر المومنینؑ)

۱۲۔ گناہ چھ چیزوں سے پیدا ہوتا ہے۔ محبت دنیا۔ محبت ریاست۔ محبت طعام۔ محبت نساء۔ محبت خواب۔ محبت راحت۔ (رسول اکرمؐ)

باب ۷

۱۔ سات آسمانوں کے نام۔ آسمان اوّل رفیع۔ آسمان دوم قیدوم۔ آسمان سیوم ماروم۔ آسمان چہارم ارقلون۔ آسمان پنجم ہیعقون۔ آسمان ششم عروس آسمان ہفتم عجماء۔ (امیرالمومنینؑ)

۲۔ روزہ ماہ رمضان کے سات اثرات ہیں۔ جسم میں سے حرام پگھل جاتا ہے۔ رحمت سے قریب ہو جاتا ہے۔ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں سکرات میں آسانی ہو جاتی ہے۔ قیامت کی بھوک پیاس سے نجات مل جاتی ہے۔ رزق جنت حاصل ہوتا ہے۔ جہنّم سے چھٹکارا حاصل ہوتا ہے۔ (امیرالمومنینؑ)

۳۔ سات آدمیوں کا عذاب سب سے زیادہ شدید ہوگا۔ قابیل۔ نمرود۔ بانی یہودیت، بانی نصرانیت، فرعون اور دو آدمی اسں امّت کے (امام صادقؑ)

۴۔ مومن کے مومن پر سات حقوق ہیں۔ نگاہوں سے احترام کرے۔ دل میں محبّت رکھے۔ مال سے ہمدردی کرے۔ جو اپنے لئے پسند کرے وہی اس کے لئے پسند کرے۔ غیبت نہ کرے۔ مرض میں عیادت کرے۔ جنازہ کی مشایعت کرے اور مرنے کے بعد خیر کے علاوہ کچھ نہ کہے۔ (امام صادقؑ)

۵۔ سات قسم کے علماء جہنّمی ہیں۔ جو علم کو چرائے رکھے۔ خود نصیحت کرے اور دوسروں کی نصیحت نہ سُنے۔ اہلِ دولت کو علم دے اور مساکین کو محروم رکھے۔ علم میں جباروں اور متکبّروں کا طریقہ اختیار کرے کہ کوئی نہ مانے

تو بگڑ جائے۔ یہودیوں اور عیسائیوں کے قصوں میں گفت گو طول دے۔ بغیر جانے بوجھے فتویٰ دینے لگے۔ علم کے ذریعہ شخصیت بنائے۔ یہ سب باترتیب جہنم کے درجات و طبقات میں رہیں گے۔ (امام صادقؑ)

۶۔ ہفتہ کے سات دن یکشنبہ بنام خدا۔ دوشنبہ برائے بنی امیہ سہ شنبہ روز تخلیق جہنم۔ چہارشنبہ روز بنی عباس۔ پنجشنبہ روز تخلیق جنت، جمعہ روز جمع مخلوقات بر محبت اہلبیتؑ۔ (امام صادقؑ)

(ایک شخص نے روز دوشنبہ سفر کا ارادہ کیا کہ روز ولادت پیغمبرؐ ہے تو امام موسیٰ کاظمؑ نے فرمایا کہ روزِ ولادت جمعہ ہے۔ دوشنبہ روز وفات ہے)

۷۔ میں پیغمبر کا بھائی۔ اللہ کا بندہ اور صدیق اکبر ہوں۔ میرے علاوہ صدیقیت کا دعویٰ کرنے والا جھوٹا ہے۔ میں نے تمام لوگوں سے سات سال پہلے نماز پڑھی ہے۔ (امیرالمومنینؑ)

باب ۸

۱۔ آٹھ آدمیوں کی نماز قبول نہیں۔ مفرور غلام۔ نافرمان زوجہ۔ مانع زکوٰۃ۔ تارک وضو۔ بالغ لڑکی بلا چادر۔ پیش نماز جسے ماموم پسند نہ کریں۔ پیشاب پائخانہ روک کر نماز پڑھنے والا۔ بدمست۔ (رسول اکرمؐ)

۲۔ مسجد جانے کے آٹھ فائدے ہیں۔ برادر ایمانی۔ علم جدید۔ آیت محکمہ۔ رحمت منتظرہ کلمہ ردِ باطل۔ کلمہ ارشادِ حق۔ ترکِ گناہ۔ اور خوفِ خدا۔

ترک گناہ از حیاء مردم۔ (امیر المومنینؑ)

باب ۹

۱۔ اللہ نے شیعیانِ علیؑ کو نو حقیقتیں عطا کی ہیں۔ موت کی آسانی۔ وحشت قبر میں انس۔ تاریکی لحد میں نور۔ خوف محشر میں امن۔ میزان پر انصاف۔ صراط پر عبور۔ جنت میں سب سے پہلے داخلہ۔ ان کا نور ان کے آگے آگے ہوگا۔ (رسول اکرمؐ)

۲۔ فاطمہؑ بنتِ محمدؐ کے نو نام ہیں فاطمہ۔ صدیقہ، مبارکہ، طاہرہ، زکیہ، راضیہ، مرضیہ، محدثہ، زہرا۔ فاطمہ اس لئے ہیں کہ اللہ نے انھیں شر سے الگ رکھا ہے۔ (امام صادقؑ)

۳۔ مجھے علیؑ کے بارے میں نو چیزیں عطا ہوئی ہیں۔ دُنیا میں علیؑ میرے وصی۔ خلیفہ اور قرض کے ادا کرنے والے ہیں۔ آخرت میں علیؑ حامل لوا ء حمد۔ ذمہ دار کلید جنت۔ اور صاحبِ اختیار شفاعت ہوں گے۔ ذاتی طور پر علیؑ نہ کافر ہونگے نہ گمراہ۔ البتہ ان کے بارے میں خطرہ قریش کی غداری کا ہے۔ (رسول اکرمؐ)

۴۔ نو چیزوں کے لئے نو آفتیں ہیں۔ بات کی آفت جھوٹ۔ علم کی آفت نسیان۔ حلم کی آفت سفاہت۔ عبادت کی آفت سستی۔ ذہانت کی آفت تیزی طراری، شجاعت کی آفت ظُلم۔ سخاوت کی آفت منت گزاری۔ جمال کی آفت غرور۔ حسب کی آفت فخر و مباہات۔ (رسُول اکرمؐ)

۵۔ نیکی کے ارادہ پر ایک ثواب۔ اور عمل پر دس ثواب ہیں اور بُرائی کے ارادے پر کوئی عذاب نہیں۔ عمل کے بعد نو گھنٹے کی مہلت ملتی ہے کہ اگر توبہ کرلے

تو نامۂ اعمال میں نہ لکھا جائے سو رنہ لکھ دیا جائے۔ (امام صادقؑ)

۶۔ وقت وفات پیغمبرؐ اسلام کی نو بیویاں تھیں۔ کل پندرہ تھیں۔ دو سے جنسی رابطہ نہیں قائم ہو سکا عمرہ اور سنی۔ تیرہ میں جناب خدیجہ۔ سودہ بنت زمعہ۔ ام سلمہ۔ عائشہ۔ حفصہ۔ زینب بنت خزیمہ۔ زینب بنت جحش۔ ام حبیبہ بنت ابی سفیان میمونہ بنت الحارث۔ زینب بنت عمیس۔ جویریہ بنت الحارث۔ سفیہ بنت حی۔ خولہ بنت حکیم ــــ کنیزوں میں ماریہ قبطیہ۔ ریحانہ خندفیہ ــــ وقت وفات عائشہ۔ حفصہؓ ام سلمہ، زینب بنت جحش میمونہ زینب الحارث۔ ام حبیبہ۔ صفیہ۔ جویریہ۔ سودہ۔ (امام صادقؑ)

۷۔ حضرت علیؑ کے نوار تجالی کلمات جان ادب و تہذیب و بلاغت ہیں۔ مقام دعا میں "خدایا میری عزّت کے لئے یہ کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں۔ میرے فخر کے لئے کافی ہے کہ تو میرا رب ہے۔ تو ویسا ہے جیسا میں چاہتا ہوں۔ مجھے ویسا بنا دے جیسا تو چاہتا ہے" ــــ مقام ادب میں "جس پر چاہو احسان کرو اس کے امیر ہو جاؤ گے۔ جس کے چاہو محتاج ہو جاؤ اس کے اسیر ہو جاؤ گے جس سے چاہو بے نیاز ہو جاؤ اسکے ہم پلہ ہو جاؤ گے۔ مقام حکمت میں "ہر شے کی قیمت اس کے حسن سے ہے۔ جو اپنی قدر جان لے وہ ہلاک نہ ہوگا۔ انسان اپنی زبان کے نیچے چھپا ہوا ہے (امیر المومنین)

۸۔ عورت کے بالغ ہونے کی عمر نو سال ہے۔ اس سے پہلے جنسی رابطہ موجب زیان ہے (امام صادقؑ)

۹۔ نو آدمیوں سے نماز جمعہ ساقط ہے۔ بچہ۔ بوڑھا۔ مجنون۔ مسافر۔ غلام۔

عورت، مریض، نابینا۔جس کا مکان تقریباً ۱۱ کلومیٹر دور ہو۔ (امام محمد باقرؑ)

۱۰۔ نو چیزوں سے نسیان پیدا ہوتا ہے۔کھٹا سیب کھانا۔دھنیا کھانا۔ پنیر کھانا۔چوہے کا جھوٹا استعمال کرنا۔قبروں کے کتبے پڑھنا۔دو عورتوں کے درمیان راستہ چلنا۔جوئیں گرانا۔حجامت درنقرہ۔ٹھہرے پانی میں پیشاب کرنا۔ (رسول اکرمؐ)

باب ۱۰

۱۔ امام میں دس صفتیں ہوتی ہیں۔عصمت منصوص ہونا۔اعلم ہونا۔صاحب وصیت ظاہرہ ہونا۔صاحب اعجاز ہونا۔سب سے زیادہ متقی ہونا۔ آنکھ سوئے اور دل بیدار رہے۔اس کا سایہ نہیں ہوتا۔وہ سامنے اور پس پشت برابر سے دیکھتا ہے۔ (امام صادقؑ)

۲۔ مومن کے کمال عقل کی دس علامتیں ہیں۔اس سے نیکی کی امید کی جائے برائی کا خطرہ نہ ہو۔دوسرے کے معمولی خیر کو بہت سمجھے۔اپنی بہت سی خیرات کو کم سمجھے۔طلب علم سے خستہ نہ ہو۔حاجتمندوں سے بد دل نہ ہو۔ ذلت دنیا کو عزت سے زیادہ اور فقر کو مالداری سے زیادہ دوست رکھے۔ دنیا میں صرف بقدر ضرورت روزی پر اکتفا کرے۔اپنے سے بہتر کو دیکھے تو تواضع سے پیش آئے اور بدتر کو دیکھے تو یہی سمجھے کہ شائد اس کا باطن مجھ سے بہتر ہو۔ (رسول اکرمؐ)

۳۔ شہوت کے دس جز ہیں ایک مرد کے پاس اور نو عورت کے پاس۔پروردگار

نے اسے نو حصّہ حیا دیکر اس کے خواہشات پر پہرہ بٹھایا ہے۔ (امام صادقؑ)

۴۔ حیا کے دس حصّہ ہیں نو عورت کے پاس ایک مرد کے پاس۔ عورت ایّام دیکھتی ہے تو ایک حصّہ کم ہو جاتا ہے۔ عقد کرتی ہے تو دوسرا حصہ کم ہو جاتا صحبت کے بعد تیسرا حصہ کم ہو جاتا ہے۔ ولادت کے بعد چوتھا حصّہ کم ہو جاتا ہے۔ پانچ حصّے باقی رہ جاتے ہیں بدکاری کرے تو وہ سب بھی ختم ہو جائیں گے۔ (امام صادقؑ)

۵۔ دس سال کی عمر کے بعد لڑکیوں اور لڑکوں کو الگ رکھا جائے۔

۶۔ اللہ نے عورت کو دس مردوں کے برابر صبر دیا ہے۔ حمل کی صورت میں یہ صبر اور زیادہ ہو جاتا ہے۔ (امام باقرؑ)

۷۔ دس چیزیں ایک سے ایک سخت ہیں۔ اور قوی تر۔ پتھر۔ پتھر سے قوی تر لوہا۔ لوہے سے قوی تر آگ۔ آگ سے قوی تر پانی۔ پانی سے قوی تر بادل بادل سے قوی تر ہوا۔ ہوا سے قوی تر ملک۔ ملک سے قوی تر ملک الموت ملک الموت سے قوی تر موت۔ (امام حسنؑ)

۸۔ شراب کے سلسلے میں دس آدمی ملعون ہیں۔ انگور بونے والا۔ حفاظت کرنے والا۔ نچوڑنے والا۔ پینے والا۔ پلانے والا۔ اٹھانے والا۔ جس کو اٹھا دیا جائے۔ بیچنے والا۔ خریدنے والا۔ قیمت استعمال کرنے والا۔ (رسول اکرمؐ)

۹۔ برکت کے دس حصّے ہیں نو تجارت میں اور ایک گلہ بانی میں (رسول اکرمؐ)

۱۰۔ موعظہ کے دس کلمات۔ جب خدا رزق کا ذمہ دار ہے تو پریشان کیوں ہے۔ جب رزق معین ہے تو لالچ کیوں ہے۔ جب حساب برحق ہے تو جمع کرنے کا فائدہ کیا ہے۔ جب خدا برابر دے رہا ہے تو بخل کی ضرورت کیا ہے۔ جب جہنم یقینی ہے تو گناہ کیوں ہے؟۔ جب موت برحق ہے تو خوشی کس بات کی۔ جب خدا کی بارگاہ میں پیشی یقینی ہے تو مکاری سے کیا فائدہ۔ جب صراط سے گزرنا ہی ہے تو اکڑ کس بات کی۔ جب قضاوقدر طے ہے تو رنج سے کیا فائدہ۔ جب دُنیا فانی ہے تو اطمینان کس بات کا ہے؟ (امام صادقؑ)

باب ۱۱

۱۔ جناب یوسف نے جن گیارہ ستاروں کو خواب میں دیکھا تھا۔ ان کے نام۔ طارق۔ جربان۔ ذیال۔ ذوالکنفان۔ ذوالقرع۔ قابس۔ وثاب۔ عمودان۔ فیلق۔ مبصح۔ ضروح۔ (مرسل اعظمؐ)

۲۔ زمزم کے گیارہ نام ہیں۔ رکضہ جبریل حفیرۃ اسماعیل۔ حفیرہ عبدالمطلب زمزم۔ برہ۔ مضمونہ۔ رواء۔ شبعہ۔ طعام مطعم۔ شفاءسقم۔ (امام صادقؑ)

باب ۱۲

۱۔ ایک یہودی نے خلیفہ دوم سے بہت سے سوالات کئے۔ جن میں ایک سوال ایک سے بارہ تک کا تھا۔ وہ جواب نہ دے سکے اور مولائے کائنات کا

کا حوالہ دیا، آپ نے فرمایا ایک اللہ۔ دو آدم و حوا۔ تین جبریل و میکائیل و اسرافیل
چار توریت انجیل۔ زبور، قرآن ــــ پانچ نماز پنجگانہ ــــ چھ ایام تخلیق سماوات
وارض، سات ہفت آسمان۔ آٹھ حاملین عرش۔ نو معجزات موسیٰ۔ دس
ایام مناجات موسیٰ۔ گیارہ کوکب یوسف۔ بارہ چشمہ ہائے حضرت موسیٰ۔ یہودی
یہ سن کر ایمان لے آیا ــ طاؤس۔

۲۔ نور محمدی بارہ حجابات میں رہا۔ حجاب قدرت، حجاب عظمت۔ حجاب منت
حجاب رحمت، حجاب سعادت، حجاب کرامت، حجاب منزلت، حجاب ہدایت،
حجاب نبوت، حجاب رفعت، حجاب ہیبت، حجاب شفاعت۔ (امیرالمومنین)

باب ۱۵

۱۔ امت میں پندرہ باتیں ہو جائیں گی تو بلاء نازل ہو گی۔ مال مسلمین پر روساء
کا قبضہ ہو گا۔ امانت غنیمت بن جائیگی۔ زکوٰۃ خسارہ شمار ہو گی۔ مرد عورت کی
اطاعت کرے گا۔ ماں کی نافرمانی ہو گی۔ دوست سے نیکی اور باپ پر
ظلم ہو گا۔ پست لوگوں کی حکومت ہو گی۔ ذلیلوں کا ان کے شر کی بنا پر
احترام ہو گا۔ مسجدوں میں شور ہو گا۔ ریشمی لباس رائج ہو گا۔ گانے والیاں
اختیار کیجائیں گی۔ باجوں کا رواج ہو گا اور سب ایک دوسرے کو بُرا
بھلا کہیں گے۔ (رسول اکرمؐ)

۲۔ زیر ناف بال ہر پندرہ دن میں صاف ہونے چاہئیں۔ ۲۱ دن ہو جائیں

تو قرض لے کر صاف کرے اور چالیس دن ہو جائیں تو شرافت اور ایمان خطرہ میں ہے۔ (امام صادقؑ)

باب ۱۶

عالم کے ۱۶ حقوق ہیں۔ زیادہ سوال نہ کرو۔ جواب میں اس پر سبقت نہ کرو۔ وہ اعراض کرے تو اصرار نہ کرو۔ تھک جائے تو کپڑا پکڑ کر نہ کھینچو۔ انگلی سے اشارہ نہ کرو۔ کنکھیوں سے نہ دیکھو۔ اس کی مجلس میں باہمی سرگوشی نہ کرو۔ اس کے راز کی جستجو نہ کرو۔ اس کے سامنے دوسروں کے اقوال کا ذکر نہ کرو۔ اس کے راز فاش نہ کرو۔ اس کے پاس کسی کی غیبت نہ کرو۔ اسے ہر حال میں محفوظ رکھو۔ مجمع میں اس کو الگ سے سلام کرو۔ اس کے سامنے بیٹھو۔ اسے کوئی ضرورت ہو تو سب سے پہلے انجام دو۔ اسکی صحبت میں بیٹھکر خستگی کا احساس نہ کرو۔ وہ درخت ہے کب میوہ مل جائے نہیں معلوم۔ عالم مجاہد فی سبیل اللہ ہے اور طالب علم کے پیچھے ستّر ہزار فرشتے چلتے ہیں۔ (امیر المومنینؑ)

باب ۱۶-۱۷

سولہ چیزوں سے رزق میں کمی ہوتی ہے اور سترّہ چیزوں سے اضافہ ہوتا ہے۔ اسباب فقیری میں گھر میں مکڑی کا جالا رکھنا۔ حمام میں پیشاب کرنا جنابت کی حالت میں کچھ کھانا۔ کھڑے ہو کر کنگھی کرنا۔ گھر میں کوڑے کا رکھنا۔

جھوٹی قسم کھانا۔ زنا کرنا۔ لالچ کا اظہار کرنا۔ مغرب وعشار کے درمیان سو جانا طلوعِ آفتاب سے پہلے سو جانا معیشت کا حساب نہ رکھنا۔ اعزا سے قطع تعلق کر لینا۔ جھوٹ بولنا۔ گانا سننا۔ رات کے وقت سائل کو رد کر دینا۔ اذفار کی شاخ سے مسواک کرنا۔

اسباب وسعتِ رزق میں دو نمازیں ایک ساتھ پڑھنا۔ صبح اور عصر کے بعد تعقیبات پڑھنا۔ گھر کے سامنے جھاڑو دینا۔ برادر مومن سے ہمدردی کرنا۔ امانت داری سے کام لینا۔ حق بات کہنا۔ موذن کی آواز پر لبیک کہنا۔ بیت الخلاء میں کلام نہ کرنا۔ لالچ نہ کرنا۔ کھانے سے پہلے وضو کرنا۔ دسترخوان سے ریزے چن کر کھانا۔ روزانہ تیس مرتبہ تسبیح پروردگار کرنا (سبحان اللہ کہنا)

باب ۱۹

عورتوں کے لئے ۱۹ چیزیں نہیں ہیں۔ جمعہ، جماعت، اذان۔ اقامت عیادت مریض۔ مشایعت جنازہ۔ صفا و مروہ کے درمیان ہرولہ۔ حجر اسود کا بوسہ دینا۔ سر منڈانا۔ قضاوت کرنا۔ مشیر بننا۔ ذبح کرنا۔ بلند آواز سے لبیک کہنا۔ قبر کے پاس کھڑے ہونا۔ خطبہ سننا۔ عقد کا ذمہ دار ہونا۔ شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے نکلنا۔ اس کی اجازت کے بغیر اس کے گھر سے کوئی چیز دینا۔ اس کی خوشی کے بغیر رات کو سونا۔ (مرسل اعظمؐ)

(نوٹ) مذکورہ بالا امور میں کچھ چیزیں بالکل ممنوع ہیں اور کچھ میں

کراہت یا آزادی پائی جاتی ہے۔ جوادی

باب ۲۳

امام زین العابدینؑ میں ۲۳۔ خصوصیات پائی جاتی تھیں۔ دن رات میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھتے تھے۔ نماز کے وقت چہرہ کا رنگ بدل جاتا تھا۔ نماز میں مثل عبد ذلیل بارگاہ الٰہی میں کھڑے ہوتے تھے۔ اعضاء کانپتے تھے۔ ہر نماز کو مثل آخری نماز کے پڑھتے تھے چنانچہ ایک دن نماز میں رداد وش سے گرگئی تو نہیں سنبھالا کہ یہ بارگاہ الٰہی میں سوء ادب ہے۔ ایک شخص نے عرض کی کہ پھر ہم لوگوں کا کیا ہوگا۔ ہمارے یہاں یہ خلوص کہاں؟ فرمایا نوافل پڑھو فرائض کی کمی پوری ہو جائے گی۔ راتوں میں غریبوں تک روٹی پہنچانا۔ فقیر سے منہ چھپا کر اسے صدقہ دینا۔ ایک ناقہ پر بس کرنا اور ایک تازیانہ بھی نہ مارنا۔ آپ کی کنیز کا بیان ہے کہ میں نے دن میں کبھی کھانا نہیں پیش کیا اور رات میں بستر نہیں بچھایا۔ ایک شخص نے آپ کی بُرائی کی۔ فرمایا تو سچا ہے تو خدا مجھے معاف کرے اور جھوٹا ہے تو تجھے معاف کرے۔ طالب علم دین کو دیکھ کر کھڑے ہو جاتے تھے اور فرماتے تھے یہ رسول اللہؐ کی وصیت ہے۔ آپ مدینہ کے سو گھروں کے کفیل تھے۔ اپنے ساتھ ایتام و مساکین کو بٹھا کر کھلاتے تھے۔ عاجزوں کو اپنے ہاتھ سے کھلاتے تھے۔ صاحبان عیال کے ساتھ کر دیتے تھے۔ پہلے صدقہ دیدیتے تھے پھر کھانا کھاتے تھے۔ ہر سال سجدہ کی جگہ کے گھٹے صاف

جاتے تھے۔ تمام عمر کھانا اور پانی دیکھ کر اپنے پدر بزرگوار پر گریہ فرماتے رہے۔ (امام محمد باقرؑ)

باب ۲۴

امتِ مسلمہ کیلئے ۲۴ چیزیں نامناسب ہیں۔ نماز میں عبث کام کرنا صدقہ دیکر احسان جتانا۔ قبروں کے سامنے ہنسنا۔ لوگوں کے گھروں میں جھانکنا۔ اپنی عورت کی بھی شرمگاہ کو دیکھنا۔ صحبت کے وقت بات کرنا۔ عشاء سے پہلے سو جانا۔ عشاء کے بعد باتیں کرنا۔ زیرِ آسمان برہنہ غسل کرنا۔ زیرِ آسمان صحبت کرنا۔ برہنہ نہر میں داخل ہونا۔ برہنہ غسل خانہ میں داخل ہونا۔ اذان و اقامت کے درمیان کلام کرنا۔ طوفان کے وقت سمندر کا سفر کرنا۔ بغیر دیوار کی چھت پر سونا۔ گھر میں تنہا سونا۔ حالتِ حیض میں صحبت کرنا (یہ حرام ہے) حالت احتلام میں صحبت کرنا۔ جذام والے انسان سے ایک ہاتھ کا فاصلہ رکھے بغیر کلام کرنا۔ جاری نہر میں پیشاب کرنا۔ میوہ دار درخت کے نیچے پاخانہ کرنا۔ کھڑے ہو کر جوتا پہننا۔ تاریک مکان میں روشنی کے بغیر داخل ہونا۔ نماز کی جگہ کا منہ سے پھونکنا۔ (رسولِ اکرمؐ)

باب ۳۰

امام کی تیس علامتیں ہیں۔ وہ سب سے زیادہ عالم ہوتا ہے۔ سب سے

اچھا فیصلہ کرتا ہے۔ سب سے زیادہ متقی ہوتا ہے۔ سب سے زیادہ حلیم ہوتا ہے۔ سب سے زیادہ شجاع ہوتا ہے۔ سب سے زیادہ سخی ہوتا ہے۔ سب سے زیادہ عبادت گذار ہوتا ہے۔ مختون پیدا ہوتا ہے۔ پاک و پاکیزہ ہوتا ہے۔ سامنے پیچھے ہر چیز کو برابر سے دیکھتا ہے۔ اس کے جسم کا سایہ نہیں ہوتا۔ پیدا ہوتے ہی کلمۂ شہادتین زبان پر جاری کرتا ہے۔ اس کی آنکھ سوتی ہے دل بیدار رہتا ہے۔ فرشتہ اس سے گفتگو کرتا ہے۔ اس کے جسم پر رسول اللہ کی زرہ برابر ہوتی ہے۔ اس کے بول و براز کو کوئی نہیں دیکھ سکتا وہ لوگوں کا حاکم ہوتا ہے۔ ماں باپ سے زیادہ مہربان ہوتا ہے۔ خدا کے سامنے سب سے زیادہ خاکسار رہتا ہے۔ جس جس بات کی امر و نہی کرتا ہے اس پر سب سے زیادہ عمل کرتا ہے۔ اس کی دعا مستجاب ہوتی ہے وہ دعا کردے تو پتھر کے ٹکڑے ہو جائیں۔ اس کے پاس رسول اکرمؐ کے اسلحے اور ذوالفقار ہوتی ہے۔ اس کے پاس ایک صحیفہ ہوتا ہے جس میں قیامت تک کے شیعوں کے نام ہوتے ہیں۔ اور ایک صحیفہ ہوتا ہے جس میں دشمنوں کے نام ہوتے ہیں۔ ایک صحیفہ جامعہ ہوتا ہے جس میں قیامت تک کے ضروریات کا ذکر ہوتا ہے۔ اس کے پاس جفر اصغر اور جفر اکبر ہوتا ہے جس میں تمام احکام درج ہوتے ہیں۔ اس کے پاس مصحف فاطمہؑ ہوتا ہے۔ (امام رضاؑ)

باب ۱۷

۳۴ طرح سے عورتیں حرام ہیں۔ ۱۷ قرآن میں اور ۱۷ سنت میں۔

قرآنی محرمات میں زنا۔ باپ کی عورت سے عقد۔ ماں۔ بیٹی۔ بہن۔ پھوپھی۔ خالہ۔ بھتیجی۔ بھانجی۔ رضاعی ماں۔ رضاعی بہن۔ ساس۔ زوجہ کی بیٹی۔ بیٹے کی زوجہ۔ دو بہنوں سے ایک ساتھ عقد۔ حالتِ حیض میں عورت۔ اعتکاف میں نکاح۔

حدیث کے محرمات میں ماہ رمضان میں صحبت۔ لعان کے بعد اس عورت سے عقد۔ عدہ میں عقد۔ احرام میں صحبت، مُحرِم کا عقد یا محرم کی طرف سے عقد۔ کفارہ سے پہلے ظہار میں صحبت۔ مشرکہ سے عقد۔ نو طلاقوں کے بعد عقد۔ آزاد زوجہ کے ہوتے ہوئے کنیز سے عقد۔ مسلمان زوجہ کے ہوتے ہوئے ذمی عورت سے عقد۔ کسی زوجہ کی بھتیجی یا بھانجی سے عقد اس کی اجازت کے بغیر۔ کنیز سے بغیر مالک کی اجازت کے عقد۔ آزاد کے ممکن ہوتے ہوئے کنیز سے عقد۔ گرفتار شدہ کنیز تقسیم سے پہلے۔ مشترکہ کنیز۔ خریدی ہوئی کنیز مدّت استبرار سے پہلے۔ مالک سے قرار داد کرنے والی کنیز مقررہ رقم کی ادائیگی سے پہلے۔ (امام باقرؑ)

(نوٹ) اس سلسلے کے فقہی تفصیلات فقہی کتابوں میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

باب نمبر ۴۰

۱۔ شرابی کی نماز چالیس دن تک قبول نہیں ہوتی اور اگر یہ سوچ کر نماز چھوڑ دے گا تو دہرا عذاب ہوگا۔ صحیح یہ ہے کہ نماز پڑھتا رہے اور شراب سے توبہ کرتا رہے۔ (امام باقرؑ)

۲۔ جو شخص چالیس مومنین کے حق میں دعا کرنے کے بعد اپنے حق میں دعا کرے گا اس کی دعائیں قبول ہوں گی۔ (امام صادقؑ)

۳۔ جس شخص کے جنازہ میں ۴۰ مومنین گواہی دیدیں کہ ہم اس کے بارے میں صرف خیر جانتے ہیں تو پروردگار آواز دیتا ہے کہ تمہاری وجہ سے ہم نے ان گناہوں کو بھی معاف کر دیا جن کو تم نہیں جانتے ہو لیکن میں جانتا ہوں۔ (شہادت نامہ کا فلسفہ یہی ہے۔ جوادی)

(امام صادقؑ)

۴۔ اپنے بچوں کا ساتویں دن ختنہ کرادو کہ غیر ختنہ شدہ کے پیشاب سے زمین ۴۰ دن نجس رہتی ہے (یاد رہے ختنہ تقریب نہیں ہے فریضہ ہے۔ جوادی) (رسول اکرمؐ)

۵۔ اگر کوئی اپنی کنیز سے ۴۰ دن صحبت نہ کرے اور وہ مبتلائے گناہ ہو جائے تو اس کا ذمہ دار مالک بھی ہے۔ (امام صادقؑ)

۶۔ ظہور امام عصرؑ کے وقت شیعوں کے دل آہنی دیوار کے مثل مضبوط

ہوں گے اور ہر شخص کے پاس ۴۰ آدمیوں کی قوت ہوگی۔ یہی لوگ روئے زمین کے حاکم ہوں گے۔ (امام سجادؑ)

۷۔ امت میں جو شخص قومی فائدہ کے لئے ۴۰ حدیثیں محفوظ کرے گا وہ روزِ قیامت فقیہ عالم محشور ہوگا۔ (رسول اکرمؐ)

۸۔ مسجد کا علاقہ ہر طرف سے ۴۰ ہاتھ تک ہوتا ہے اور ہمسایہ کا شمار ہر طرف سے ۴۰ مکان تک ہوتا ہے۔ (امیرالمومنینؑ)

باب ۵۰

ہر مسلمان پر پچاس طرح کے حقوق واجب ہیں جس کی تفصیل امام سجّاد کا رسالہ حقوق میں موجود ہے۔ اس رسالہ کا ترجمہ میرے رسالہ "مختصر احکام شرعی" کے ساتھ طبع ہوا ہے۔ مومنین مطالعہ فرمائیں۔

باب ۷۰

۱۔ جو شخص نماز وتر میں ستّر مرتبہ "استغفر اللہ واتوب الیہ" کہے گا اور ایک سال تک پابندی کرے گا۔ اس کا شمار سحر کے وقت استغفار کرنے والوں میں ہوگا اور پروردگار عالم اس کے گناہوں کو بخش دیگا۔ (امام صادقؑ)

۲۔ جو شخص ماہ شعبان میں روزانہ ستر مرتبہ استغفار کرے گا وہ روزِ قیامت رسول اکرمؐ کے گروہ میں محشور ہوگا۔ (امام رضاؑ)

۳۔ سود کے ستر جز ہیں اور کم سے کم سود کا درجہ یہ ہے کہ جیسے انسان

خانۂ کعبہ میں اپنی ماں کے ساتھ زنا کرے۔ سود کا ایک درہم ستر زنا کے برابر ہے اور وہ بھی محرموں کے ساتھ بیت اللہ الحرام کے اندر (رسول اکرمؐ)

باب ۷۳

۱۔ امتِ موسیٰؑ موسیٰؑ کے بعد ۷۱ فرقوں میں تقسیم ہو گئی۔ امتِ عیسیٰؑ ۷۲ فرقوں میں بٹ گئی اور میری امت کے تہتر فرقے ہوں گے۔ ۷۲ فرقے جہنمی ہوں گے اور ایک جنتی۔ (رسول اکرمؐ)

۲۔ عورتوں کے مخصوص احکام ۷۳ ہیں۔ ان کے لئے اذان و اقامت ضروری نہیں۔ جمعہ اور جماعت میں حاضری لازم نہیں۔ عیادت مریض۔ مشایعت جنازہ۔ بلند آواز سے تلبیہ۔ صفا مروہ کے درمیان ہرولہ۔ حجر اسود کا بوسہ۔ کعبہ میں داخلہ، حلق راس۔ قضاوت۔ امارت، مشاورت، ذبیحہ نہیں ہے۔ وضو میں ہاتھ کہنی سے اندر کی طرف سے دھوئیں اور صبح و مغرب میں دوپٹہ ہٹا کر مسح کریں اور باقی نمازوں میں دوپٹہ کے اندر انگلی ڈال کر سر کا مسح کریں۔ پیر جوڑ کر کھڑی ہوں۔ ہاتھ سینے پہ رکھیں۔ رکوع میں ہاتھ گھٹنوں کے بجائے رانوں پر رکھیں (یعنی کم جھکیں) سجدہ میں زمین سے چپک جائیں۔ اٹھتے وقت سیدھے اُٹھ جائیں۔ تشہد میں پیر اٹھا کر ران جوڑ کر بیٹھیں۔ کوئی ضرورت پڑ جائے تو پشت بام پر جا کر نماز پڑھیں اور دعا کریں۔ سفر میں غسل جمعہ نہ کریں۔ گھر میں غسل جمعہ ترک

نہ کریں۔ حدود کے معاملہ میں ان کی گواہی مقبول نہیں۔ طلاق میں وہ گواہ نہ بنیں۔ رویت ہلال میں وہ گواہ نہیں ہیں۔ جہاں مردوں کا دیکھنا جائز نہیں وہاں ان کی گواہی مقبول ہے۔ راستے میں کنارے چلیں بیچ راستے میں نہ چلیں۔ کتابت نہ سیکھیں بُننا کاتنا سیکھیں۔ انھیں سورۂ نور کی تعلیم دی جائے۔ سورۂ یوسف کی تعلیم نہ دی جائے (تلاوت میں کوئی حرج نہیں ہے) عورت مرتد ہو جائے تو قتل نہ ہوگی۔ قید کر دی جائے گی۔ اور کھانے پینے میں سختی برتی جائے گی یہاں تک کہ مر جائے یا توبہ کرے عورتوں کے لئے جزیہ نہیں ہے۔ ولادت کے وقت صرف عورتیں رہیں اور مرد باہر نکال دیئے جائیں۔ حالت جنابت وحیض میں عورت تلقین میت کے قریب نہ جائے۔ مردہ کو قبر میں نہ اتارے جس جگہ سے اٹھے وہاں مرد سرد ہونے سے پہلے نہ بیٹھے۔ عورت کا جہاد شوہر کی خدمت ہے۔ جو اس کا صاحب حق ہے وہی نماز جنازہ کا حقدار ہے۔ عورت کافر عورتوں کے سامنے بھی بے پردہ نہ ہو کہ وہ اپنے شوہروں سے بیان کرینگی اور ایک فتنہ پیدا ہو جائے گا۔ گھر سے نکلتے وقت خوشبو نہ لگائے، مردوں سے مشابہت نہ پیدا کرے۔ بالکل سادہ نہ رہے چاہے گلے میں ایک دھاگا ہی ہو۔ ناخن سفید نہ رکھے چاہے مہندی ہی لگائے (نیل پالش میں وضو صحیح نہ ہوگا) حالتِ حیض

میں ہاتھوں میں خضاب نہ لگائے۔ نماز کی حالت میں کوئی ضرورت پیش
آئے تو ہاتھ کو ہاتھ پہ مار کر اشارہ کرے۔ بغیر ڈوپٹہ کے نماز نہ پڑھے۔ عورت
ریشمی کپڑا، سونے کی انگوٹھی پہن سکتی ہے۔ مرد کے لئے سونا اور ریشم
جنّت میں ہے دنیا میں نہیں ہے۔ شوہر کی اجازت کے بغیر صدقہ نہ دے
سنّتی روزہ نہ رکھے نامحرم سے بغیر کپڑا درمیان میں رکھے مصافحہ نہ کرے
بلکہ بیعت بھی نہ کرے۔ حمام میں نہ جائے۔ شوہر کی اجازت کے بغیر سنّتی
حج نہ کرے۔ زین پر سواری نہ کرے جب تک سفر یا ضرورت پیش
نہ آجائے۔ عورت کی میراث مرد کی آدھی ہے۔ عورت کی دیت بھی
نصف ہے۔ زخموں میں عورت کا تاوان مرد کے ایک تہائی تک
ساتھ چلتا ہے اس کے بعد نصف ہو جاتا ہے۔ (مثلاً تین انگلیوں کے
کٹنے کی دیت ۳۰ اونٹ ہے اور چار انگلیوں میں چالیس کے بجائے
بیس اونٹ ہے اس لئے کہ چالیس کا عدد سو کے ⅓ سے زیادہ ہے
جو پورے مرد کی پوری دیت ہے۔ جوادی) مرد و عورت ساتھ نماز
پڑھیں تو عورت برابر نہ کھڑی ہو ذرا پیچھے رہے۔ عورت کے جنازہ
کی نماز میں نمازی اسکے سینے کے سامنے کھڑا ہو۔ عورت قبر میں اتاری
جائے تو کمر سے نیچے مرد سہارا دے۔ عورت کے حق میں مرد کی خوشنودی
سے زیادہ کوئی شئے قیمتی نہیں ہے۔ امیر المومنینؑ نے صدیقہ طاہرہؑ

کے سرہانے کھڑے ہو کر دعا کی "پروردگار میں بنتِ رسولؐ سے راضی ہوں۔ پروردگار اس کی وحشت کو انس سے اور تنہائی کو رحمت سے بدل دے۔ پروردگار یہ مظلومہ ہے اس کے حق کا فیصلہ تیرے ذمّہ ہے اور تو بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔ (امام باقرؑ)

باب ۱ تا ۱۰۰

مرسلِ اعظمؐ کے انتقال کے بعد دو یہودی مدینہ آئے اور انھوں نے خلیفہ وقت سے سوالات کیے۔ جوابات نہ ملنے پر طعنہ زن ہوئے۔ ابنِ عباس مولائے کائناتؑ کو بُلا کر لائے۔ آپ نے تمام سوالات کے جوابات دیئے۔ سوالات میں ایک سوال یہ بھی تھا کہ ۱۔۲۔۳۔۴۔۵۔ ۶۔۷۔۸۔۹۔۱۰۔۱۱۔۱۲۔۲۰۔۳۰۔۴۰۔۵۰۔۶۰۔۷۰۔۸۰۔۹۰۔ ۱۰۰ کیا ہے؟ — آپ نے فرمایا ایک خدا۔ دو آدم وحوّا۔ تین عیسائیوں کے خدا۔ چار کتب سماویہ۔ پانچ نماز پنجگانہ۔ چھ ایامِ خلقت سماوات و ارض۔ سات ابوابِ جہنّم۔ آٹھ ابوابِ جنّت۔ مفسد قبائل۔ دس ایامِ عشرہ۔ گیارہ کواکب یوسفؑ۔ بارہ سال کے مہینے۔ بیس حضرت یوسفؑ کی قیمت لگائے گئے درہم۔ تیس۔ تیس روزے۔ چالیس، ایامِ مناجات جنابِ موسیٰؑ، پچاس جناب نوحؑ کے ہزار سالِ تبلیغ سے بچے ہوئے برس۔ ساٹھ مقدارِ کفّارۂ اطعام مساکین — ستّر حضرت موسیٰؑ کے منتخب افراد —

ثمانون مقام سفر کشتی نوح (قریہ کا نام ثمانون تھا) نوّے۔ کشتی نوح کے خانے سو عمر جناب داؤدؑ جس کی اصل ساٹھ تھی اور چالیس جناب آدمؑ نے دیدیئے تھے جب اپنی اولاد میں داؤد کو قلیل العمر دیکھا تھا۔ (ابن عباسؓ)

باب ۱۲۰

پیغمبر اسلامؐ کو ۱۲۰ مرتبہ معراج ہوئی ہے اور ہر مرتبہ ولایت علیؑ اور امامت ائمہ کی تاکید کی گئی ہے۔ (امام صادقؑ)

باب ۲۰۰

امیر المومنینؑ کا اعلان تھا کہ جو شخص خوشی خوشی اسلام لے آئے اور قرآن حفظ کرے اسے سالانہ دوسو دینار بیت المال سے دیئے جائیں گے۔ (ابوالاشہب نخفی)

باب ۳۰۰

مکہ میں قیام کے دوران سال کے عدد کے برابر ۳۶۰ طواف مستحب ہیں اور یہ ممکن نہیں ہے تو کم از کم ۳۶۰ چکر کے برابر طواف کرے۔ (امام صادقؑ)

باب ۴۰۰

امیر المومنینؑ نے ایک نشست میں شریعت کے چارسو مسائل بیان فرمائے تھے جس کی تفصیل خصال صدوقؒ میں جلد ۲ ص ۶۱۰ سے ص ۶۳۷ تک مذکور ہے۔

باب ۲۰۰۰

جنّت کے دروازے پر خلقتِ آسمان و زمین کے ۲ ہزار سال

پہلے سے لکھا ہوا ہے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی اخو رسول اللہ (رسول اکرمؐ)

باب ۔۔۔ ۴۰۰۰

نماز کے چار ہزار باب ہیں۔ (امام رضاؑ)

باب ۔۔۔ ۱۲۰۰۰

اللہ نے بارہ ہزار عالم پیدا کئے ہیں اور ہر عالم اس عالم سے وسیع تر اور بزرگ تر ہے۔ (امام صادقؑ)

باب ۔۔۔ ۱۰۰۰۰۰۰

پروردگار عالم نے دس لاکھ عالم اور دس لاکھ آدم پیدا کئے ہیں۔ اور ہمارا یہ عالم آخری عالم ہے اور ہمارے بزرگ آدم آخری آدم تھے۔

(امام باقرؑ)

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

اللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِی الْمُؤمِنِین وَالْمُومِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِین وَالْمُسْلِمَات

دعائے روز شنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ كَلِمَةِ الْمُعْتَصِمِيْنَ وَمَقَالَةِ الْمُتَحَرِّزِيْنَ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ جَوْرِ الْجَائِرِيْنَ وَكَيْدِ الْحَاسِدِيْنَ وَبَغْيِ الظَّالِمِيْنَ وَاَحْمَدُهٗ فَوْقَ حَمْدِ الْحَامِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ بِلَا شَرِيْكٍ وَّالْمَلِكُ بِلَا تَمْلِيْكٍ لَا تُضَادُّ فِيْ حُكْمِكَ وَلَا تُنَازَعُ فِيْ مُلْكِكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَاَنْ تُوْزِعَنِيْ مِنْ شُكْرِ نُعْمَاكَ مَا تَبْلُغُ بِيْ غَايَةَ رِضَاكَ وَاَنْ تُعِيْنَنِيْ عَلٰى طَاعَتِكَ وَلُزُوْمِ عِبَادَتِكَ وَاسْتِحْقَاقِ مَثُوْبَتِكَ بِلُطْفِ عِنَايَتِكَ وَتَرْحَمَنِيْ بِصَدِّيْ عَنْ مَّعَاصِيْكَ مَا اَحْيَيْتَنِيْ وَتُوَفِّقَنِيْ لِمَا يَنْفَعُنِيْ مَا اَبْقَيْتَنِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِكِتَابِكَ صَدْرِيْ وَتَحُطَّ بِتِلَاوَتِهٖ وِزْرِيْ وَتَمْنَحَنِيْ السَّلَامَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَلَا تُوْحِشَ بِيْ اَهْلَ اُنْسِيْ وَتُتِمَّ اِحْسَانَكَ فِيْمَا بَقِيَ مِنْ عُمْرِيْ كَمَا اَحْسَنْتَ فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

بنام خدائے رحمن و رحیم

آغاز نام خدا سے جو پناہ جو یوں کا کلمہ اور تحفظ خواہوں کا کلام ہے میں خدائے تعالیٰ کے ذریعہ ظالموں کے ظلم، حاسدوں کے مکر اور ستمگروں کے ستم سے پناہ مانگتا ہوں۔ اس کی حمد تمام حمد گذاروں سے زیادہ۔

پروردگار تو واحد بلا شریک اور بادشاہ بلا تملیک ہے نہ کوئی تیرے حکم سے ٹکرانے والا ہے، اور نہ کوئی تیرے ملک کا مقابلہ کرنے والا ہے میرا سوال یہ ہے کہ حضرت محمدؐ پر رحمت نازل کر جو تیرے بندے اور رسول ہیں۔ مجھے اپنی نعمتوں کے شکریہ کی توفیق دے کہ تو راضی ہو جائے جذبۂ اطاعت پابندیٔ عبادت اور استحقاق ثواب پر میری مدد کر۔ مجھے تا حیات گناہوں سے روکے رکھنا اور ان اعمال کی توفیق دیتے رہنا جو کام آنے والے ہیں۔ اپنی کتاب کیلئے میرے سینے کو کشادہ کر دے اس کی تلاوت کے طفیل میرے گناہوں کو ختم کر دے۔ مجھے نفس اور دین کے بارے میں سلامتی عطا فرما۔ میرے اہلِ انس کو مجھ سے وحشت نہ ہو سابق کی طرح باقی زندگی میں اپنے احسانات کا سلسلہ قائم رکھنا ——— تو ارحم الراحمین اور بہترین رحم کرنے والا ہے۔

زیارت حضرت رسولؐ در روز شنبه

اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ
اَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالَاتِ
رَبِّكَ وَنَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَجَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَاَدَّيْتَ الَّذِيْ عَلَيْكَ مِنَ
الْحَقِّ وَاَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ وَغَلَظْتَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ
وَعَبَدْتَ اللّٰهَ مُخْلِصًا حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ فَبَلَغَ اللّٰهُ بِكَ
اَشْرَفَ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اسْتَنْقَذَنَا بِكَ
مِنَ الشِّرْكِ وَالضَّلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاجْعَلْ
صَلَوَاتِكَ وَصَلَوَاتِ مَلٰٓئِكَتِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ وَالْمُرْسَلِيْنَ
وَعِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ وَاَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَ
مَنْ سَبَّحَ لَكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ
عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِيِّكَ وَاَمِيْنِكَ وَنَجِيْبِكَ
وَحَبِيْبِكَ وَصَفِيِّكَ وَصِفْوَتِكَ وَخَاصَّتِكَ وَخَالِصَتِكَ
وَخِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ وَاَعْطِهِ الْفَضْلَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ
وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهٖ

الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ
لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا اِلٰهِيْ فَقَدْ اَتَيْتُ نَبِيَّكَ
مُسْتَغْفِرًا تَآئِبًا مِّنْ ذُنُوْبِيْ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاغْفِرْهَا
لِيْ يَا سَيِّدَنَا اَتَوَجَّهُ بِكَ وَبِاَهْلِ بَيْتِكَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى
رَبِّكَ وَرَبِّيْ لِيَغْفِرَ لِيْ پھر تین مرتبہ کہے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ
پھر کہے اُصِبْنَا بِكَ يَا حَبِيْبَ قُلُوْبِنَا فَمَآ اَعْظَمَ الْمُصِيْبَةَ بِكَ
حَيْثُ انْقَطَعَ عَنَّا الْوَحْيُ وَحَيْثُ فَقَدْ نَاكَ فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ
رَاجِعُوْنَ يَا سَيِّدَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَعَلٰى
اٰلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ هٰذَا يَوْمُ السَّبْتِ وَهُوَ يَوْمُكَ وَاَنَا
فِيْهِ ضَيْفُكَ وَجَارُكَ فَاَضِفْنِيْ وَاَجِرْنِيْ فَاِنَّكَ كَرِيْمٌ تُحِبُّ
الضِّيَافَةَ وَمَاْمُوْرٌ بِالْاِجَارَةِ فَاَضِفْنِيْ وَاَحْسِنْ ضِيَافَتِيْ
وَاَجِرْنَا وَاَحْسِنْ اِجَارَتَنَا بِمَنْزِلَةِ اللّٰهِ عِنْدَكَ وَاٰلِ بَيْتِكَ
وَبِمَنْزِلَتِهِمْ عِنْدَهٗ وَبِمَا اسْتَوْدَعَكُمْ مِّنْ عِلْمِهٖ فَاِنَّهٗ اَكْرَمُ
الْاَكْرَمِيْنَ

یارسول اللہ!

میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا تنہا اور بلا شریک ہے۔ آپ اس کے رسول اور حضرت محمدؐ بن عبداللہ ہیں۔ آپ نے اپنے رب کے پیغام کو پہنچایا ہے۔ امّت کو نصیحت کی ہے۔ راہِ خدا میں حکمت اور بہترین موعظہ سے جہاد کیا ہے۔ جو حق آپ کے ذمّہ تھا اسے ادا کیا ہے مومنین پر مہربانی کی ہے۔ کافرین پر سختی کی ہے تا دمِ آخر اللہ کی مخلصانہ عبادت کی ہے۔ خدا آپ کو بلند ترین درجات عطا فرمائے۔

شکر ہے اس معبود کا جس نے ہمیں آپ کے ذریعہ شرک اور ضلالت سے نکال لیا ہے۔ پروردگار! محمدؐ وآلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما۔ اور اپنی بہترین رحمت اپنے ملائکہ مقربین، انبیاء مرسلین اور عباد صالحین کی بہترین صلوات اپنے بندے اور رسول، نبی اور امین، منتخب دوست خالص محبت کرنے والے اور ساری مخلوقات سے بہتر حضرت محمدؐ پر نازل فرما۔ انھیں اس مقام محمود تک پہنچا دے جہاں اوّلین و آخرین دیکھ کر رشک کریں۔

پروردگار! تیرا ارشاد ہے کہ اگر یہ بندے اپنے نفس پر ظلم کرنے کے بعد میرے رسوؐل کے پاس آجاتے اور اپنے رب سے توبہ کرتے اور رسوؐل بھی ان کے حق میں سفارش کر دیتا تو بیشک یہ خدا کو بڑا مہربان اور

توبہ قبول کرنے والا پاتے تو پروردگار اب میں تیرے نبی کی بارگاہ میں توبہ واستغفار کرنے کے لئے آگیا ہوں اب میرے گناہوں کو معاف کردے۔

میرے سرکار! میں آپکے اور آپکے اہلبیت کے ذریعہ پروردگار سے التماس کرتا ہوں کہ میرے گناہوں کو بخش دے۔

اناللہ وانا الیہ راجعون آپ کی جدائی سے بڑا صدمہ ہوا ہے یہ کتنی عظیم مصیبت ہے کہ آپ کے جاتے ہی وحی کا سلسلہ منقطع ہوگیا ہم سب آپ کی زیارت سے محروم ہوگئے۔

اے میرے رسول! خدا آپ پر اور آپ کے اہلبیتؑ پر رحمت نازل فرمائے۔

یہ ہفتہ کا دن۔ آپ کا دن ہے اور میں آج کے دن آپ کا مہمان ہوں۔ آپ بہترین ضیافت فرمائیں اور مجھے اپنے دامن رحمت میں پناہ دیں۔ آپ کی منزل اللہ کی نظر میں اور اللہ کی منزل آپ حضرات کی نگاہ میں بہت عظیم ہے اور میں اسی منزلت اور آپ کو ملے ہوئے بے پناہ علم کا واسطہ دیتا ہوں کہ آپ میری سفارش فرمائیں کہ وہ بہترین کرم کرنے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

دعائے روز یکشنبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا اَرْجُوْ اِلَّا فَضْلَہٗ وَلَا اَخْشٰی اِلَّا عَدْلَہٗ وَلَا اَعْتَمِدُ اِلَّا قَوْلَہٗ وَلَا اُمْسِکُ اِلَّا بِحَبْلِہٖ بِکَ اَسْتَجِیْرُ یَا ذَا الْعَفْوِ وَالرِّضْوَانِ مِنَ الظُّلْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمِنْ غِیَرِ الزَّمَانِ وَتَوَاتُرِ الْاَحْزَانِ وَطَوَارِقِ الْحَدَثَانِ وَمِنِ انْقِضَآءِ الْمُدَّۃِ قَبْلَ التَّاَھُّبِ وَالْعُدَّۃِ وَاِیَّاکَ اَسْتَرْشِدُ لِمَا فِیْہِ الصَّلَاحُ وَالْاِصْلَاحُ وَبِکَ اَسْتَعِیْنُ فِیْمَا یَقْتَرِنُ بِہِ النَّجَاحُ وَالْاِنْجَاحُ وَاِیَّاکَ اَرْغَبُ فِیْ لِبَاسِ الْعَافِیَۃِ وَتَمَامِھَا وَشُمُوْلِ السَّلَامَۃِ وَدَوَامِھَا وَاَعُوْذُ بِکَ یَا رَبِّ مِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَحْتَرِزُ بِسُلْطَانِکَ مِنْ جَوْرِ السَّلَاطِیْنِ فَتَقَبَّلْ مَا کَانَ مِنْ صَلٰوتِیْ وَصَوْمِیْ وَاجْعَلْ غَدِیْ وَمَا بَعْدَہٗ اَفْضَلَ مِنْ سَاعَتِیْ وَیَوْمِیْ وَاَعِزَّنِیْ فِیْ عَشِیْرَتِیْ وَقَوْمِیْ وَاحْفَظْنِیْ فِیْ یَقْظَتِیْ وَنَوْمِیْ فَاَنْتَ اللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَبْرَءُ اِلَیْکَ فِیْ یَوْمِیْ ھٰذَا وَمَا بَعْدَہٗ مِنَ الْاٰحَادِ مِنَ الشِّرْکِ وَالْاِلْحَادِ

وَ اُخْلِصُ لَكَ دُعَائِیْ تَعَرُّضاً لِلْاِجَابَةِ وَ اُقِیْمُ عَلٰی طَاعَتِكَ رَجَآءً لِلْاِثَابَةِ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَیْرِ خَلْقِكَ الدَّاعِیْ اِلٰی حَقِّكَ وَ اَعِزَّنِیْ بِعِزِّكَ الَّذِیْ لَا یُضَامُ وَ احْفَظْنِیْ بِعَیْنِكَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَ اخْتِمْ بِالْاِنْقِطَاعِ اِلَیْكَ اَمْرِیْ وَ بِالْمَغْفِرَةِ عُمْرِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

بنام خدائے رحمان و رحیم

اس خدا کے نام سے جس کے فضل کے علاوہ کسی سے امید، جس کے عدل کے علاوہ کسی سے خوف، جس کے قول کے علاوہ کسی پر اعتماد اور جس کی رسّی کے علاوہ کسی سے تمسُّک نہیں ہے۔

پروردگار! میں ظلم و ستم، انقلابات زمانہ، تسلسل آلام، تواتر حوادث اور تیاری و آمادگی سے پہلے وقت نکل جانے کے مقابلہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اور اصلاح وا صلاح میں تیری ہدایت۔ ہر کامیابی و کامرانی میں تیری نصرت کا طلبگار ہوں۔ میری خواہش ہے کہ مکمّل عافیت اور دائمی سلامتی کا لباس عطا فرما۔ مجھے شیاطین کے اشارات اور سلاطین کے مظالم سے محفوظ رکھنا۔ میری نماز اور میرے روزہ کو قبول فرما اور میرے کل کو آج سے بہتر قرار دے۔ مجھے قوم و قبیلہ میں عزت عطا فرما اور سوتے جاگتے میرا تحفظ فرما۔ تو بہترین حفاظت کرنے والا اور حقیقتاً ارحم الراحمین ہے۔

خدایا میں تجھ سے آج اور آج کے بعد ہر یکشنبہ کو شرک والحاد سے پناہ مانگتا ہوں یہ میری دُعائے مخلصانہ ہے کہ شاید قبول ہو جائے اور میری عبادت مسلسل ہے کہ شاید ثواب کا استحقاق پیدا ہو جائے۔ اپنے بہترین

